بسم اللہ الرحمٰن الرحیم







نصاب برائے اجتماعات ۲۰۲۰

اجتماع کا موضوع (Theme) : تقویٰ

لوکل، ریجنل و نیشنل اجتماعات کے موقعہ پر منعقد ہونے والے علمی مقابلہ جات کے لئے نصاب پیش خدمت ہے!

عمومی قواعد

- نیشنل اجتماع میں وہی انصار حصہ لے سکیں گے جنہوں نے ریجنل اجتماعات میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہوں گی۔ اگر پہلی پوزیشن حاصل کرنے والے ناصر کسی وجہ سے نیشنل اجتماع میں شریک نہ ہوسکتے ہوں تو ریجنل ناظم اعلیٰ ریجن کی نمائندگی کے لئے ایک ناصر کا نام تجویز کرے، اور ڈیڈلائن سے پہلے اس کی منظوری حاصل کرے۔

- ریجنز کے لئے پوزیشن ہولڈرز یا ریجنل نمائندہ کے نام جمع کروانے کی آخری تاریخ اتوار ۳۱ مئی ۲۰۲۰ء ہے۔

- ایک وقت میں ایک سے زیادہ مقابلے منعقد ہوں گے۔ مقابلہ جات کا تفصیلی شیڈیول اجتماع سے قبل جاری کیا جائے گا۔

- منصفین کا فیصلہ حتمی ہو گا۔

مقابلہ تلاوت قرآن کریم

- اس مقابلہ میں حصّہ لینے والے شرکاء قرآن مجید کی صرف ان آیات کی تلاوت کرسکتے ہیں جو اجتماع کے نصاب کے لئے منتخب کی گئی ہیں، جو یہ ہیں: سورۃ آل عمران آیات ۱۰۳-۱۰۴، سورۃ الأعراف آیات ۲۸-۲۷، سورۃ طٰہٰ آیات ۱۳۱-۱۳۳
- اس نصاب کے علاوہ دیگر آیات کو مقابلے میں پڑھنے کی اجازت نہ ہو گی۔
- منصفین کو کسی بھی موقع پر قاری کو روکنے کا حق حاصل ہو گا۔
- زبانی تلاوت کرنے کے کوئی زائد مارکس نہیں ہوں گے۔
- مارکنگ صحیح تلفظ، قرات / تجوید اور خوش الحانی پر مبنی ہو گی۔

مقامی اور ریجنل سطح پر اس بات کا اہتمام کریں کہ انصار بھائی قرآن کریم سے تلاوت کریں۔

مقابلہ حفظ قرآن

- اس مقابلہ میں حصّہ لینے والے انصار کو سورۃ الکھف کی آیات ۱-۱۳ اور ۱۰۳-۱۱۱ زبانی یاد کرنا ہو گی۔
- شرکا سے مذکورہ بالا آیات میں سے کہیں سے بھی پڑھنے کے لئے کہا جاسکتا ہے۔
- منصفین کو کسی بھی موقع پر قاری کو روکنے کا حق حاصل ہو گا۔
- آیات کا ترجمہ نہیں سنا جائے گا۔
- حفاظ کرام کو اس مقابلے میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہو گی۔
- مارکنگ حفظ اور صحیح تلفظ پر مبنی ہو گی۔

مقابلہ نظم خوانی

- اس مقابلہ میں حصّہ لینے والے انصار مقررہ نصاب میں سے کسی بھی نظم سے کوئی سے ۳ اشعار (دہرائے بغیر) پڑھ سکتے ہیں۔
- نصاب کے باہر سے نظم پڑھنے کی اجازت نہ ہو گی۔
- منصفین کو کسی بھی موقع پر نظم پڑھنے والے کو روکنے کا حق حاصل ہو گا۔
- زبانی نظم پڑھنے کے کوئی زائد مارکس نہیں ہوں گے۔
- مارکنگ صحیح تلفظ، آواز کے معیار اور خوش الحانی پر مبنی ہو گی۔
- مقابلے کے لیے مقررہ نصاب درج ذیل ہے:

درثمین اردو (صفحہ نمبر۵۶)

ہمیں اُس یار سے تقویٰ عطا ہے
نہ یہ ہم سے کہ احسانِ خدا ہے
کرو کوشش اگر صدق وصفا ہے
کہ یہ حاصِل ہو جو شرطِ لِقا ہے
ہر اِک نیکی کی جڑ یہ اِتقا ہے
اگر یہ جڑ رہی سب کچھ رہا ہے
یہی اک فخرِ شانِ اولیاء ہے
بجز تقویٰ زیادت اِن میں کیا ہے
مجھے تقویٰ سے اُس نے یہ جزا دی
فَسُبْحَانَ الَّذِیْ اَخْزَی الْاَعَادِیْ

درثمین اردو (صفحہ نمبر۱۲۸)

وہ دُور ہیں خدا سے جو تقویٰ سے دُور ہیں
ہر دم اَسیر نخوت و کِبر و غرور ہیں
تقویٰ یہی ہے یارو کہ نخوت کو چھوڑ دو
کِبر و غرور و بُخل کی عادت کو چھوڑ دو
چھوڑو غُرور و کبر کہ تقویٰ اِسی میں ہے
ہو جاؤ خاک مرضیٔ مولیٰ اِسی میں ہے

کلام محمود (صفحہ نمبر ۳۸)

بابِ رحمت خود بخود پھر تم پہ وا ہو جائے گا

جب تمھارا قادرِ مطلق خدا ہو جائے گا

آدمی تقویٰ سے آخر کیمیا ہو جائے گا

جس مسِ دل سے چھوئے گا وہ طلا ہو جائے گا

جو کوئی تقویٰ کرے گا پیشوا ہو جائے گا

قبلہ رخ ہوتے ہوئے قبلہ نما ہو جائے گا

جس کا مسلک زہد و ذکر و اتقا ہو جائے گا

پنجۂ شیطاں سے وہ بالکل رہا ہو جائے گا

دیکھ لینا ایک دن خواہش بر آئے گی مری

میرا ہر ذرہ محمدؐ پر فدا ہو جائے گا

کلامِ طاہر (صفحہ نمبر ۲۳)

کیا موج تھی جب دل نے جپے نام خدا کے

اِک ذکر کی دھونی مرے سینے میں رَما کے

آہیں تھیں کہ تھیں ذکر کی گھنگھور گھٹائیں

نالے تھے کہ تھے سیلِ رواں حمد و ثنا کے

سکھلا دیئے اُسلوب بہت صبر و رضا کے

اب اور نہ لمبے کریں دن کرب و بلا کے

آکسانے کی خاطر تیری غیرت تیرے بندے

کیا تجھ سے دُعا مانگیں ستم گر کو سُنا کے

رکھ لاج کچھ اِن کی مرے ستار کہ یہ زخم

جو دل میں چھپا رکھے ہیں پتلے ہیں حیا کے

For Non-Urdu Speaking Ansār:

القصائد الاحمدیہ (صفحہ نمبر ۱۸)

تَذَكَّرْ يَا أَخِيْ يَوْمَ التَّنَادِيْ وَ تُبْ قَبْلَ الرَّحِيْلِ إِلَى الْمَعَادِ

فَأَخْرِجْ كُلَّ حِقْدِكَ مِنْ جَنَانٍ وَ زَكِّ النَّفْسَ مِنْ سَمِّ الْعِنَادِ

وَ مَا الْخُسْرَانُ فِيْ مَوْتٍ بِتَقْوٰى وَ خُسْرُ الْمَرْءِ فِيْ سُبُلِ الْفَسَادِ

وَ إِنَّ هِـدَايَـةَ الْـفُـرْقَـانِ دِيْـنِـىْ وَ أَدْعُـوْكُـمْ إِلٰـى نَهْـجِ السِّـدَادِ
وَ كَـانَ نَـصِيْـحَـةٌ لِّلّٰـهِ فَـرْضِـىْ فَـقَـدْ بَـلَّـغْـتُ فَرْضِىْ بِـالْوَدَادِ

القصائد الاحمدیہ (صفحہ نمبر ۳۰-۶۳)

أَ يَـامُـحْسِنِـىْ اُثْنِـىْ عَلَيْکَ وَ أَشْكُرُ فِدًى لَّکَ رُوْحِىْ أَنْتَ تُرْسِىْ وَ مَأْزَرُ
فَطُوْبٰى لِمَنْ صَافٰى صِرَاطَ مُحَمَّدٍ وَ كَمِثْلِ هٰذَا النُّوْرِ مَا بَانَ نَيِّرُ
فَدَعْ كُلَّ مَلْفُوْظٍ بِقَوْلِ مُحَمَّدٍ وَ قَلِّدْ رَسُوْلَ اللّٰهِ تَنْجُ وَ تُغْفَرُ
وَ مَنْ يَرَ تَقْوٰى غَيْرَ هَدْىِ رَسُوْلِنَا فَذٰلِكُمُ الشَّيْطَانُ يَعْتُوْ وَ يُشْغَرُ
اَ لَيْسَتْ تُقَاةُ اللّٰهِ شَرْطًا لِّمُؤْمِنٍ فَمَا لَکَ يَوْمَ الْاَخْذِ لَا تَتَذَكَّرُ
وَ اٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ كُلُّهٗ لِرَبٍّ يَرٰى حَالِىْ وَ قَالِىْ وَ يَنْصُرُ

مقابلہ تقریر اردو (تیار شدہ)

۱۔ مقرر کو مندرجہ ذیل عناوین میں سے کسی ایک پر تقریر کرنے کی اجازت ہو گی:

i۔ "ہر اِک نیکی کی جڑ یہ اِتقا (تقویٰ) ہے" (در ثمین)

ii۔ حصول تقویٰ کے طریق

iii۔ نماز - قربِ الٰہی کا وسیلہ

iv۔ روحانیت کے اعلیٰ معیار

v۔ تقویٰ - ایک سچے مومن کی پہچان

۲۔ مقررہ نصاب کے علاوہ کسی عنوان پر تقریر مقابلہ میں شامل نہیں کی جائے گی۔

۳- مقرر کو زیادہ سے زیادہ **۳ منٹ** تک تقریر کرنے کی اجازت ہو گی۔

۴۔ تقریر دیکھ کر پڑھنے کی بھی اجازت ہو گی جبکہ زبانی تقریر کرنے والے مقرر کو اضافی نمبر دئے جائیں گے۔

۵۔ منصفین کو یہ حق حاصل ہو گا کہ وہ مقرر کو کسی بھی وقت روک دیں۔

۶۔ نمبروں کی تقسیم صحیح تلفظ، اندازِ بیاں، مواد اور حفظ پر مبنی ہو گی-

مقابلہ تقریر فی البدیہہ اردو

۱۔ یہ مقابلہ سب کے لئے ہے اور کوئی بھی ناصر اس میں حصہ لے سکتا ہے-

۲۔ عناوین مقابلہ کے وقت دیئے جائیں گے-

۳- ہر مقرر کو تیاری کے لئے **۲** منٹ کا وقت دیا جائے گا۔

۴۔ مقرر کو تقریر کرنے کے لئے **۲** منٹ کا وقت ہو گا۔

۵۔ منصفین کو یہ حق حاصل ہو گا کہ وہ مقرر کو کسی بھی وقت روک دیں۔

۶۔ نمبروں کی تقسیم صحیح تلفظ، مواد، اور اندازِ بیاں پر مبنی ہو گی-

مقابلہ کوئز

۱۔ ہر ریجن سے ۴ ممبروں پر مشتمل ایک ٹیم کو اس مقابلہ میں حصہ لینے کی اجازت ہو گی۔

۲۔ مقابلہ کا نصاب کتاب **دیباچہ تفسیر القرآن** ہو گا۔

۳- یہ کتاب سائٹ (www.ansar.org.uk) پر آن لائن دستیاب ہے۔ **کتاب سے کئے جانے والے سوالات بھی آن لائن دستیاب ہیں۔**

۴۔ ہر صحیح جواب پر ٹیم کو ۴ نمبر ملیں گے۔

۵۔ سوال پڑھنے کے ۱۰ سیکنڈ کے اندر جواب شروع کرنا ضروری ہو گا۔

۶۔ اگر تیسرے راؤنڈ میں دو یا زیادہ ٹیموں کے مساوی نمبر ہوں تو اس صورت میں ہر ٹیم سے باری باری ایک ایک سوال پوچھا جائے گا جب تک کہ واضح فاتح کا فیصلہ نہ ہو جائے۔

بیت بازی

۱۔ ہر ریجن سے ۳ ممبروں پر مشتمل ایک ٹیم کو اس مقابلہ میں حصہ لینے کی اجازت ہو گی۔

۲۔ صرف درج ذیل کتب سے اشعار پڑھنے کی اجازت ہو گی:

درثمین، کلام محمود، کلام طاہر، درعدن، بخاردل

۳- ٹیم کو اس حرف سے شعر شروع کرنا ہو گا جس حرف پر پچھلی ٹیم نے شعر ختم کیا ہو گا۔

۴۔ شعر پڑھنے کے لئے ۱۰ سیکنڈز دیے جائیں گے۔

۵۔ یہ مقابلہ ناک آؤٹ بنیاد پر ہو گا-

پیغام رسانی

۱۔ ہر ریجن سے صرف ۵ ممبروں پر مشتمل ایک ٹیم کی اجازت ہو گی۔

۲۔ ہر ٹیم کے پاس اپنے پیغام کو اردو یا انگریزی میں منتخب کرنے کا اختیار ہو گا۔

۳-پیغام شروع میں ہر ٹیم لیڈر کو ۳ بار پڑھکر سنایا جائے گا۔ اسکے بعد اسے یہ پیغام ۳منٹ میں اگلے ممبر تک پہنچانا ہو گا۔

۴۔ ہر ٹیم کے ممبر کو خاموشی سے اگلے ممبر تک پیغام پہنچانا ہو گا ورنہ ٹیم نااہل قرار دی جاسکتی ہے۔

۵۔ ہر ٹیم کے آخری ممبر کو پیغام خوش خط لکھنے کے لئے ۵ منٹ دیئے جائیں گے۔

مضمون نویسی (فی البدیہہ)

۱۔ اس مقابلہ میں مجلس انصار اللہ برطانیہ سے تعلق رکھنے والا کوئی بھی ناصر حصہ لے سکے گا۔

۲۔ اجتماع کے دوران دوسرے دن نماز ظہر سے قبل تک مقررہ جگہ پر آکر دیئے گئے عنوان پر ۳۰منٹ میں ایک مختصر مضمون تحریر کرنا ہو گا۔

۳-یہ مضمون اردو، انگریزی اور عربی زبان میں لکھا جاسکے گا۔

۴۔ بہترین مضامین کو اول، دوم اور سوم انعامات دیئے جائیں گے۔

۵۔ معیاری مضامین کو بعد ازاں انصار الدین میں اشاعت کے لئے بھیجا جائے گا۔ انشاء اللہ